D/Press Release (H)65

آزاد جموں و کشمیر انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

پریس ریلیز:

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور کے زیراہتمام منعقدہ امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ دوم / کمپوزٹ فرسٹ اینول 2024ء کی پوزیشنز آج مورخہ 16-08-2024 بوقت سہ پہر 3:00 جبکہ نتائج کا اعلان بھی آج ہی شام 5:00 بجے کیا جائے گا۔ یہ نتائج بورڈ کی ویب سائٹ www.ajkbise.net یا www.ajkbise.edu.pk پر بذریعہ رولنمبر ملاحظہ کیے جاسکیں گے۔ ریگولر امیدواران کے رزلٹ کارڈز متعلقہ سربراہان ادارہ جات کے ایڈریس پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک جبکہ پرائیوٹ امیدواران کے رزلٹ کارڈز بذریعہ عام ڈاک ان کے دیئے گئے ایڈریس پر ترسیل کیے جائیں گے۔ اگر کسی پرائیوٹ امیدوار کو رزلٹ کارڈ نہ ملے تو نتیجے کی اشاعت کے بعد 45 دن کے اندر اندر درخواست بنام راقم (کنٹرولر امتحانات کالجز) دے کر بدوں فیس رزلٹ کارڈ حاصل کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر تحت قواعد ثنیٔ رزلٹ کارڈ کے حصول کے لئے فیس مبلغ =/1500 روپے HBL کے بورڈ اکونٹ / ڈاک خانہ میں جمع کرواکر اصل چالان / منی آرڈر رسید معہ =/20 روپے کے اسٹام پر (بیان حلفی) مصدقہ ہمراہ درخواست ارسال کرنا ہوگی۔ بہتری نمبرات (Marks Improved) کرنے والے امیدواران کو سابقہ اصل رزلٹ کارڈ شعبہ انٹر کنڈکٹ کو ارسال کرنے / جمع کروانے پر ہی نیا بہتری نمبرات کا رزلٹ کارڈ جاری کیا جائے گا۔

نوٹ: ۔ رزلٹ گزٹ PDF فارمیٹ میں بورڈ کی ویب سائیٹ پر موجود ہوگا جہاں سے رزلٹ دیکھا / پرنٹ کیا جاسکتا ہے۔ اس ضمن میں کسی بھی قسم کی پریشانی یا معلومات کے لئے بذیل ٹیلیفون نمبرات پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

05827-960006,05827-960070,05827-960071

16-08-2024

(ایسوسی ایٹ پروفیسر قاری محمد مشتاق ملک)
کنٹرولر امتحانات کالجز
0345-5739406

نمبر بورڈ / انٹر / 5200 to 5224 / 2024 مورخہ 16-08-2024

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔
2۔ جناب سیکرٹری بورڈ ہذا۔
3۔ ڈیٹا سپروائزر صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔
4۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت در قومی اخبارات بطور خبر۔
5۔ فوکل پرسن صاحب بورڈ ہذا۔
6۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور، تراڑکھل، مظفرآباد / ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میرپور آزاد کشمیر۔
7۔ نمائندہ صاحب پی ٹی وی / نیوز ایجنسی اے۔ پی۔ پی۔ ساجد پلازہ میرپور۔
8۔ نمائندہ صاحب جیو ٹی وی میرپور۔
9۔ معزز نمائندگان روزنامہ جنگ / نوائے وقت / خبریں / اوصاف / محاسب / جموں وکشمیر / جناح / پاکستان / شاہین / روشنک / عدالت / کشمیر ٹائمز میرپور بغرض اشاعت بطور خبر
10۔ انچارج صاحبان علاقائی دفاتر مظفرآباد / راولاکوٹ۔
11۔ آفس فائل ۔

CamScanner